تشریحات غائرہ – تالیف: ابوالبرهان، مولانا محمد فضل عظیم اسعد، صفحات: ۴۵۰، قیمت: ۲۵۰، ناشر: مکتبہ دیوبند، محلہ جنگی، عقب قصہ خوانی پشاور شہر۔

''محیط الدائرہ'' وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے نصاب میں شامل اور علم عروض وقافیہ اور اس کے متعلقات پر مختصر رسالہ ہے جو اپنی قدر و قیمت اور اہمیت میں ممتاز و معروف ہے۔ اس کا اردو ترجمہ اور تشریح طلبہ کی ضرورت تھی جسے مولانا محمد فضل عظیم اسعد نے باحسن وجوہ پورا کر دیا ہے۔ امید ہے کہ ''تشریحات غائرہ'' اساتذہ وطلبہ کے لیے علم عروض کے رموز جاننے میں معین ومفید ثابت ہوگی۔ کاغذ، کمپوزنگ، طباعت بہتر ہے۔

......☆☆☆......

فیضِ غوث – افادات: حضرت مولانا غلام غوث ہزارویؒ، صفحات: ۱۲۰، قیمت: ۶۰ روپے، ناشر: مکتبہ جمال، تھرڈ فلور حسن مارکیٹ، اردو بازار، لاہور۔

''فیضِ غوث'' حضرت مولانا غلام غوث ہزاروی رحمۃ اللہ علیہ کی مرتب فرمودہ مختصر کتاب ہے جس میں دُعا کی حقیقت واہمیت اور قدر و منزلت بیان کی گئی ہے۔ مختلف اوقات وحالات کی مسنون وماثور دعاؤں کے علاوہ اسم اعظم پر بھی کلام فرمایا گیا ہے۔ واضح رہے کہ کتاب کا نام مولانا ہزارویؒ کا تجویز' دہ نہیں چونکہ کتاب کی اشاعت آپؒ کی وفات کے بعد ہوئی اس لیے یہ نام خدام کا تجویز کردہ ہے۔

......☆☆☆......

اسلامی حکومت کا فلاحی تصور – از: مولانا سعید الرحمٰن علویؒ، صفحات: ۱۷۶، قیمت: ۱۲۰ روپے، ناشر: مکتبہ جمال، حسن مارکیٹ اردو بازار لاہور۔

مذکورہ بالا کتاب حضرت مولانا سعید الرحمٰن علویؒ کے ایک مفصل مضمون کا عنوان ہے اس کے علاوہ دو اور مضامین ''اقتصادی مسئلہ کا حل، قرآن وسنت اور فقہ کی رُو سے'' اور ''الحجر، حجر کی لغوی شرعی تحقیق'' بھی کتاب کا حصہ ہیں۔ مولاناؒ کے مضامین کی اہمیت وافادیت مسلّمہ ہے۔ ''مکتبہ جمال'' نے انہیں کتابی شکل دے کر جمال وکمال نوازی کا ثبوت دیا ہے۔ کاغذ، کمپوزنگ، طباعت بہتر ہے۔

......☆☆☆......

رنگ برنگی بیاض گڑنگی – مؤلف: مولانا قاضی محمد اسرائیل گڑنگی، صفحات: ۱۶۰، قیمت: ۷۰ روپے، ناشر: مکتبہ انوار مدینہ جامع مسجد صدیق اکبرؓ محلہ صدیق آباد (اپرچھنئی) مانسہرہ۔

دورانِ مطالعہ ندرت، لطافت، افادیت اور نافعیت کے لحاظ سے پسند آنے والے اقوال وافعال اور واقعات